## ایم کیوایم حق پرست شہداء کی قربانیوں کورائیگاں نہیں جانے دے گی، الطاف حسین

## جوقومیں اپنے شہداء کی قربانیوں کوفراموش کردیتی ہیں تاریخ میں ان قوموں کا نام حرف غلط کی طرح مٹ جایا کرتا ہے

## سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کی 19 ویں برسی کے موقع پرشہداء کوخراج عقیدت

لندن۔۔۔25،مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کوز بردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیوایم حق پرست شہداء کی قربانیوں کورائیگاں نہیں جانے دے گی۔سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کی 19 ویں برسی کے موقع پرایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرستانہ جدوجہد میں ایم کیوایم کے ہزاروں شہداء نے باطل قوتوں کے سامنے سرجھکانے کے بجائے اپنی قیمتی جانوں کے نذرانے پیش کرکے حق پرستی کی تحریک کوجلابخشی ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جوقومیں اپنے شہداء کی قربانیوں کوفراموش کردیتی ہیں تاریخ میں ان قوموں کا نام حرف غلط کی طرح مٹ جایا کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی تاریخ ساز کامیابیاں حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں کی مرہون منت ہے اورایم کیوایم اپنے شہداء کی قربانیوں کورائیگاں نہیں جانے دے گی اورجس نیک مقصد کی خاطرحق پرست شہداء نے قربانیاں دیں، ایم کیوایم کے کارکنان اس مشن ومقصد کی تکمیل کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کودل کی گہرائیوں سے خراج عقیدت پیش کرتے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد سمیت تمام حق پرست شہداء کے درجات بلندفرمائے،انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ ترین مقام عطا کرے اورشہداء کے لواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اورکارکنان کو ہدایت کی کہ وہ حق پرست شہداء کے لواحقین کو ہرگز تنہا نہ چھوڑیں اوران کی خبرگیری کریں۔

## پنجاب وسعت قلبی کا مظاہرہ کرتے ہوئے صوبہ سرحد کے نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کیلئے خیمہ بستیوں کا اہتمام کرے۔ افتخار اکبر رندھاوا، ڈاکٹرعلی حُسین

## پنجاب جب ملکی وسائل میں دیگرصوبوں سے زائد حصہ مانگتا ہے تو اُسے ملکی مسائل میں بھی زائد حصہ ڈالنا چاہیے

## وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف وزیراعلیٰ سندھ کو پنجاب میں ان کیمپوں کا دورہ کرائیں جوصوبہ سرحد کے نقل مکانی کرنے والوں کیلئے قائم کیے گئے ہیں۔

لاہور۔۔25 مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے اراکین افتخار اکبر رندھاوااورڈاکٹرعلی حُسین نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ سوات، مالاکنڈ، بونیر، دیراورشانگلہ سمیت صوبہ سرحد کے دیگرعلاقوں سے نقل مکانی کرنے والے مصیبت زدہ خاندانوں کی بحالی کیلئے حکومت پنجاب وسعت قلبی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری طور پرمتاثرین کی آبادکاری کیلئے خیمہ بستیوں کا اہتمام کرے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کا زیادہ تر علاقہ صوبہ سرحد سے ملا ہوا ہے اس لئے حکومت پنجاب کوان مصیبت زدہ بھائیوں کی آبادکاری کیلئے سب سے بڑھ چڑھ کرحصہ لینا چاہیے۔حکومت پنجاب کا فرض ہے کہ جب وہ ملکی وسائل میں دیگرصوبوں سے زائد حصہ مانگتے ہیں تو ملکی مسائل کے حل میں بھی انہیں زائد حصہ ڈالنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ چھوٹے صوبے جوکہ پہلے ہی بے پناہ مالی مسائل کا شکار ہیں اورانکو وسائل میں بھی کم حصہ ملتا ہے توان پرآبادکاری کا مزید بوجھ ڈالنے کی بجائے حکومت پنجاب کوآگے بڑھ کر بڑے بھائی کا کردارادا کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ اگرچھوٹے صوبوں میں آبادکاری کے اس سلسلے کو نہ روکا گیا تو وہاں نہ صرف آبادی کا تناسب بگڑ سکتا ہے بلکہ وہاں امن وامان اور معاشی مسائل مزید بڑھ سکتے ہیں۔افتخار اکبر رندھاوااورڈاکٹرعلی حُسین نے مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف کے اس بیان کے تناظر میں جسمیں انہوں نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب کے دروازے نقل مکانی کرنے والوں کیلئے کھلے ہیں، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے درخواست ہے کہ وہ وزیراعلیٰ پنجاب محترم شہباز شریف سے درخواست کریں وہ انہیں ان کیمپوں کا دورہ کرائیں جوانہوں نے صوبہ سرحد کے نقل مکانی کرنے والوں کیلئے پنجاب میں قائم کیے ہیں۔

## سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال اور کرکٹر شاہد آفریدی کا خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ

## متاثرین کی بحالی کیلئے زبردست کام ہورہا ہے اور مجھے یہاں آکر بہت خوشی ہوئی۔شاہد آفریدی

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال اور شہرہ آفاق کرکٹر شاہد آفریدی نے پیر کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کے دفتر واقع کا دورہ کیا اور وہاں سوات، بونیر، دیر اور شانگلہ اور دیگر علاقوں کے متاثرین کی امداد و بحالی کیلئے ہونیوالے کاموں کا جائزہ لیا۔ جب وہ فاؤنڈیشن کے صدر دفتر پہنچے تو رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر اور فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی سید شعیب احمد بخاری اور رکن رابطہ کمیٹی سیف یار خان ، دیگر کارکنوں اور رضا کاروں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ انہوں نے مرکزی امدادی کیمپ میں مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور وہاں جاری امدادسرگرمیوں سے انتہائی متاثر نظر آئے۔ بعدازاں ایم کیوایم کے رہنماؤں کارکنوں اور فاؤنڈیشن کے رضا کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد آفریدی نے کہا کہ میں یہاں آج دوسری بار آیا ہوں میں اس وقت بھی یہاں آیا تھا جب یہاں کشمیر کے زلزلہ زدگان کی امداد اور بحالی کیلئے اسی طرح کام ہورہا تھا، میں خود بھی اسلامک ریلیف اور چیریٹی کا کام کرتا رہتا ہوں، ہم سب کو مل کر چلنا چاہئے اور ایک دوسرے کی مدد کرنا چاہئے یہاں متاثرین کی بحالی کیلئے زبردست کام ہورہا ہے اور مجھے یہاں آکر بہت خوشی ہوئی، ہم نے خاران کے زلزلے کے متاثرین کیلئے بھی عملی خدمات انجام دی۔انہوں نے کہا کہ ملکی صورتحال خراب ہے اور قومیت کے نعرے کے بجائے مل جل کر کام کرنا چاہئے کراچی اور پورا پاکستان میرا ہے میں یہاں پلا بڑا ہوں۔شعیب بخاری نے اس موقع پر معزز مہمانوں کی کے کے ایف آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

## متاثرین کی آڑ میں دہشتگردوں کا کراچی یا ملک کے دیگر حصوں میں پھیل جانا پورے پاکستان کا مسئلہ ہے۔ناظم کراچی مصطفیٰ کمال

## ٹاؤن کی سطح پر متاثرین کی اسکریننگ ہونی چاہئے،سائٹ ٹاؤن میں بڑی تعداد میں آئے ہوئے متاثرین کیلئے کیمپ قائم کردیا گیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ سوات اور دیگر علاقوں کے متاثرین ہمارے بھائی ہیں، کراچی کے تمام لوگوں کو ان کی مدد کرنا چاہئے وہ ایسا کر بھی رہے ہیں یہ بیچارے اپنے گھروں سے باہر ہیں تاہم متاثرین کی آڑ میں دہشتگردوں کا کراچی یا ملک کے دیگر حصوں میں پھیل جانا صرف کراچی ہی نہیں پورے پاکستان کا مسئلہ ہے۔ پیر کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس بات کے ثبوت وشواہد موجود ہے کہ متاثرین کے آڑ میں طالبان دہشتگرد بھی آرہے ہیں ،ہمیں ہر حال میں انکی اسکریننگ کرنا چاہئے اور ایسا طریقہ کار اختیار کرنا چاہئے کہ ان کی نشاندہی ممکن ہوسکے اور یہ شہروں میں داخل نہ ہوں، اگر دہشتگرد شہروں میں آتے ہیں تو یہ عوام کیلئے نقصان دہ ثابت ہوگا اور خود یہ بات متاثرین کے حق میں بھی ہے کیونکہ اگر طالبان انکے ہمراہ شہروں میں داخل ہوئے تو کوئی بھی امداد کیلئے انکے قریب نہیں جائے گا ۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ٹاؤنوں کی سطح پر متاثرین کی اسکریننگ نہیں ہورہی ہے، تاہم سائٹ ٹاؤن میں بڑی تعداد میں متاثرین آئے ہوئے ہیں جہاں ٹاؤن کی جانب سے کیمپ لگادیا گیا ہے اور ان کو ایک ماہ کا راشن بھی دیدیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اے این پی کے رہنماؤں نے ساڑھے تین ہزار متاثرین کی کراچی آمد کا کہا تھا لیکن مانگنے کے باوجود انہوں نے ان کی فہرست ہمیں فراہم نہیں کی ہے جبکہ وزیر داخلہ داخلہ نے بھی ساڑھے نو ہزار متاثرین کی کراچی آمد کی بات کی ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ انکے پاس بھی متاثرین کی فہرست ہے اگر اکے پاس ایسی کوئی فہرست موجود ہے تو وہ ہمیں دیں تاکہ ہم ان کی بہتر انداز میں امداد کرسکیں۔

## قائمقام صدر آزاد کشمیر محمد سلیم بٹ کا مردان اور صوابی میں متاثرین کے کیمپ کا دورہ

## مشکل کی اس گھڑی میں کشمیری بھائی اپنے قبائلی بھائیوں اور سوات، بونیر کے متاثرین کے ساتھ ہیں۔سلیم بٹ

مردان۔۔۔25مئی 2009ء

قائمقام صدر آزاد کشمیر محمد سلیم بٹ اور آزاد کشمیر قانون اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر و وزیر سیاحت طاہر کھوکھر نے مردان اور صوابی میں قائم متاثرین کے کیمپوں کا دورہ کیا،متاثرین سے ملاقاتیں کیں اور بچوں میں کھلونے اور دیگر اشیاء خوردونوش تقسیم کیں۔قائمقام صدر آزاد کشمیر اور وزیر سیاحت، کلچر اور امور نوجوانان جب مردان پہنچے تو عوامی نیشنل پارٹی سے تعلق رکھنے والے ممبر قومی اسمبلی و چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ہاؤسنگ پرویز خان اور سول وفوجی حکام نے ان کا استقبال کیا۔انہوں نے متاثرین کیلئے لگائے

گئے فیلڈ ہسپتال کا بھی دورہ کیا اور مریضوں سے ملاقات کر کے ان کی خیریت دریافت کی۔ وہ خیمہ بستیوں میں گئے جہاں انہوں نے متاثرہ بچوں میں کھانے پینے کی اشیاء تقسیم کیں اورانہیں کھلونے بھی دیئے صوابی میں متاثرہ کیمپ کے دورہ کے دوران پاکستان ریڈ کراس کی جانب سے قائمقام صدر آزاد کشمیر سلیم بٹ اور وزیر سیاحت، کلچر اور امور نوجوانان طاہر کھوکھر، عوامی نیشنل پارٹی سے تعلق رکھنے والے ممبر قومی اسمبلی پرویز خان کو متاثرین کو فراہم کی جانیوالی سہولیات کی تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے قائمقام صدر آزاد کشمیر سلیم بٹ نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں کشمیری بھائی اپنے قبائلی بھائیوں اور سوات، بونیر کے متاثرین کے ساتھ ہیں،حکومت آزاد نے متاثرین کی امداد کیلئے فنڈ ز قائم کیا ہے جس میں عطیات جمع ہورہے ہیں اور اب تک ایک کروڑ روپے نقد اور سامان سرحد حکومت کے حوالے کیا جاچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب آزاد کشمیر میں زلزلہ آیا تو پوری پاکستانی قوم نے کشمیریوں کا ساتھ دیا اور اب ہمارا فرض ہے کہ ہم ان کو مشکل کی اس گھڑی میں تنہا نہ چھوڑیں،انہوں نے حکومت آزاد کشمیر کی جانب سے کشمیریوں سے اپیل کی کہ وہ متاثرین کی امداد کیلئے دل کھل کر عطیات جمع کرائیں۔

## کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن بجلی کے بحران پر قابو پانے میں ناکام ہوچکی ہے،ارکان قومی اسمبلی
## بجلی کی عدم فراہمی کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور وہ احتجاج پر مجبور ہیں،بجلی کے بحران اور عوامی احتجاج کا نوٹس لیا جائے

کراچی۔۔۔25مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے کراچی میں بجلی کی مستقل لوڈشیڈنگ کے باعث شہریوں کو لاحق مشکلات اور پریشانیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ کے ای ایس سی کی انتظامیہ اپنے دعوے اور وعدوؤں میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے اور بجلی کا بحران ادارے کی نجکاری کے بعد سے عذاب کی صورت میں عوام پر مستقل طور پر ٹوٹ رہا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی کی نجکاری کے وقت نومنتخب انتظامیہ نے بجلی کے بحران کے حل کیلئے بلند و بانگ دعوے کئے تھے لیکن ادارے کی انتظامیہ نے جب سے کے ای ایس سی کو سنبھالا ہے شہری دوہرے بحران سے دوچار ہیں اور ذہنی اذیت کا شکار ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ شہر کے عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور شہر کراچی کے عوام بجلی کے بحران کے حل کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی طرف امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بجلی کا بحران جب مستقل صورت اختیار کر جائے گا تو ایم کیو ایم کے پاس بھی اس کے سوا کوئی چارہ نہیں ہوگا کہ وہ عوامی احتجاج میں انکے ساتھ ہوجائے۔انہوں نے مزید کہا کہ شہر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کھیل سمجھ کر کی جارہی ہے اور ادارے کے اعلیٰ حکام کو بار بار آگاہ کرنے کے باوجود 24 گھنٹوں سے 48 گھنٹوں کیلئے بجلی غائب ہوجاتی ہے جس سے ادارے کی انتظامیہ کی مجرمانہ غفلت اور نااہلی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر پانی و بجلی راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کے شدید بحران کا فی الفور نوٹس لیا جائے، اس سلسلے میں کے ای ایس سی کی انتظامیہ سے سختی سے باز پرس کی جائے اور ادارے کو قومی تحویل میں لیکر عوام کو بجلی کے بحران کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

## اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں 28 مئی کو ہونے والے ریفرنڈم سے ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کا اعلان لاتعلقی

کراچی۔۔۔25مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن نے 28 مئی کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں ہونیوالے ریفرنڈم میں کسی بھی یونین کی حمایت نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس بات پر زور دیا ہے کہ ریفرنڈم کو شفاف بنانے کیلئے تمام محنت کش اپنا حق رائے دہی استعمال کریں۔ایک بیان میں لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ریفرنڈم میں کسی بھی یونین کی حمایت نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے لہٰذا ادارے میں کام کرنیوالے محنت کش کارکنان اور ہمدرد ریفرنڈم والے دن صرف اپنا حق رائے دہی استعمال کریں جبکہ کسی بھی یونین کی ریفرنڈم مہم میں حصہ نہ لیں اور نہ ہی کسی یونین کا بیج لگائیں۔

## ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 171 کے کارکن محمد احسان کے والد الحاج عبدالحق کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆